آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

# نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ایڈیٹر: انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 30 مارچ 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 34

## پرویز الٰہی نے دیر کر دی وزیراعلیٰ پنجاب وہی ہوگا

اپوزیشن کا فیصلہ جس کا فیصلہ کریگی زرداری

اب وزیراعلیٰ پنجاب وہی ہوگا جس کا فیصلہ اپوزیشن کرے گی، نمبرز گیم صرف ہمارے پاس ہے' پرویز الٰہی وزیراعلیٰ پنجاب نہیں بن سکتے، نمبرز ہمارے پاس ہیں، ان کے پاس نہیں

جسے اپوزیشن نامزد کرے گی وہی پنجاب کا وزیراعلیٰ بنے گا، پنجاب میں بھی تبدیلی لائیں گے' پاکستان پیپلز پارٹی کے صدر اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے صدر آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ پنجاب کے حوالے سے ہم مل کر فیصلہ کریں گے، اب پرویز الٰہی نے دیر کر دی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ اب وزیراعلیٰ پنجاب وہی ہوگا جس کا فیصلہ اپوزیشن کرے گی، نمبرز گیم صرف ہمارے پاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرویز

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### تحریک عدم اعتماد سے قبل پیپلز پارٹی کو دھچکا لگ گیا

اسلام آباد (یو این پی) تحریک عدم اعتماد سے قبل پیپلز پارٹی کو دھچکا لگ گیا۔ پی پی کے رکن

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### معاشرے کی بڑی بیماریوں میں ٹی بی بھی شامل ہے، ڈاکٹر فیصل سلطان

پاکستان بھر میں ٹی بی کی تشخیص کیلئے جدید طریقے موجود ہیں

اسلام آباد (یو این پی) ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ ٹی بی ہمارے معاشرے کی بڑی بیماریوں میں شامل ہے جو کہ ایک قابل علاج مرض ہے۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معاون خصوصی برائے صحت نے کہا کہ ملک نے 2030 تک اس متعدی بیماری کو ختم کرنے کا عہد کیا ہے۔ انہوں نے اس مقصد کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ن لیگ سے بات کیوں نہیں بنی؟ چوہدری پرویز الٰہی نے وضاحت کر دی

جن کو آن بورڈ ہونا چاہیے تھا وہ شہباز شریف سے آن بورڈ نہیں تھے، ان کا اپنا ایک اسٹیٹس ہے لیکن وہ اپنے بھائی کے ویٹو کا رخ نہیں موڑ سکے

مریم بی بی کو پسند نہیں تھا، وہ گروپ محسوس کرتا تھا کہ ہم سات دس سیٹوں والوں کو کیوں سارا کچھ ہی دے دیں؟' پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما واسپیکر پنجاب اسمبلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما و اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ جن کو آن بورڈ ہونا چاہیے تھا وہ شہباز شریف سے آن بورڈ نہیں تھے، ان کا اپنا ایک اسٹیٹس ہے لیکن وہ اپنے بھائی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### احمد پور شرقیہ تھانہ سٹی پر تعینات دوران ڈیوٹی محرر محمد عارف کی اچانک طبیعت خراب

پولیس اہلکاروں نے اپنی مدد آپ کے تحت سول ہسپتال احمد پور شرقیہ لے گئے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ تھانہ سٹی پر تعینات دوران ڈیوٹی محرر محمد عارف کی اچانک طبیعت خراب بازو میں درد پولیس اہلکاروں نے اپنی مدد آپ کے تحت سول ہسپتال احمد پور شرقیہ لے گئے جہاں پر انھیں ابتدائی اور طبی ٹریٹمنٹ دی جا رہی ہے۔

### نامعلوم چور زرعی ادویات چوری کر کے فرار ہو گئے

پولیس تھانہ سٹی نے درخواست ملنے پر کاروائی شروع کر دی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) نامعلوم چور زرعی ادویات کے اسٹور کے تالے کاٹ کر لاکھوں روپے مالیت کی زرعی ادویات چوری کر کے فرار

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



جامعہ فریدیہ مھریہ پر ایک خوبصورت محفل حسن قرت بسلسلہ دستار بندی حفاظ کرام منعقد کی گی

جس کے میزبان مولانا محمد عاشق فرید مھروی تھے

احمد پور شرقیہ (پ ر) تحریک لبیک کے ضلعی ناب امیر مولانا محمد عاشق فرید مھروی کی دینی درسگاہ جامعہ فریدیہ مھریہ بمقام بہاول واہ موڑ پر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی کی ملاقاتیں

باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی صورتحال پر بات چیت

وزارتیں اور عہدے آنے جانے والی چیز، وزیراعظم عمران خان کے ہر حکم پر لبیک کہا ہے اور کہتا رہوں گا: عثمان بزدار

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی میاں گزین عباسی' سمیع اللہ چوہدری و دیگر ملاقات کر رہے ہیں۔

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے آج وزیراعلیٰ آفس میں صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی کی ملاقاتوں کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا، ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی صورتحال پر بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزارتیں اور عہدے آنے جانے والی چیز ہے۔ عوام کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### دہشتگرد کے علاج کا کیس، قادر پٹیل کی حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد (یو این پی) دہشتگردوں کے علاج معالجے کے کیس میں پیپلز پارٹی کے ایم این اے قادر پٹیل کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی گئی۔ منگل کو چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ اطہر من اللہ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے قادر پٹیل کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## لکی مروت میں پاک فوج کے آپریشن کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز اور پولیس نے لکی مروت کے علاقے شیری خیل میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا

آپریشن کے دوران ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشت گرد مارے گئے جبکہ ایک کو پکڑ لیا گیا' آئی ایس پی آر

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں پاک فوج نے پولیس کے ہمراہ خفیہ آپریشن کیا اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشت گرد مارے گئے جبکہ ایک گرفتار بھی ہوا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز اور پولیس نے لکی مروت کے علاقے شیری خیل میں دہشت گردوں کی موجودگی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## دھمکی آمیز مراسلے میں نواز شریف ملوث ہیں

# خط چیف جسٹس کو دکھا سکتے ہیں مرکوت

وزیراعظم نے جو خط قوم کے سامنے لہرایا وہ اسے چیف جسٹس آف پاکستان کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کیوں کہ چیف جسٹس ایک اہم ترین منصب ہے، مراسلے کی تاریخ تحریک عدم اعتماد پیش ہونے سے قبل کی ہے، یہ اہم اس لیے ہے کہ اس مراسلے میں براہ راست عدم اعتماد کی تحریک کا ذکر ہے، میں اس خط کو دیکھ چکا ہوں یہ حقیقت میں موجود ہے

مراسلے میں دوٹوک الفاظ میں لکھا ہوا ہے کہ اگر عدم اعتماد کی تحریک کامیاب نہیں ہوئی تو اس کے خوف ناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں، کچھ قانونی بندشیں ہوتی ہیں اس لیے یہ مراسلہ صرف اعلیٰ فوج قیادت کو دکھایا گیا اور وفاقی کابینہ کے بھی چند اہم وزرا کو بھی اس کا پتا ہے، مراسلے میں براہ راست پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ذکر ہے' پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، انہیں جو دھمکی آمیز خط بھیجا گیا ہے اس کے مرکزی کردار نواز شریف ہیں، کسی کو شک ہے تو وزیراعظم یہ خط چیف جسٹس کو دکھانے کے لیے تیار ہیں۔ فواد چوہدری کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ وزیراعظم نے جو خط قوم کے سامنے لہرایا وہ اسے چیف جسٹس آف پاکستان کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کیوں کہ چیف جسٹس ایک اہم ترین منصب ہے، مراسلے کی تاریخ تحریک عدم اعتماد پیش ہونے سے قبل کی ہے، یہ اہم اس لیے ہے کہ اس مراسلے میں براہ راست عدم اعتماد کی تحریک کا ذکر ہے، میں اس خط کو دیکھ چکا ہوں یہ حقیقت میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ مراسلے میں دوٹوک الفاظ میں لکھا ہوا ہے کہ اگر عدم اعتماد کی تحریک کامیاب نہیں ہوئی تو اس کے خوف ناک نتائج برآمد ہو سکتے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ملک حسین علی کی زوجہ علالت کے باعث بی وی ایچ میں داخل

ملک عابد حسین نے عزیز و اقارب و دوست احباب سے صحت یابی کی دعا کی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اخبار فروش یونین کے سرپرست ملک حسین علی کی زوجہ اور سینئر نائب صدر اخبار فروش یونین ملک عابد حسین کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ہماری تنخواہ میں 25 سے 30 ہزار کی کٹوتی کی جا رہی ہے

پوسٹ گریجویٹ بوائز ڈگری کالج کے لیکچررز وطلبہ کا لیکچررز کی تنخواہوں میں کٹوتی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) حاصل پور

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وفاقی حکومت کی ترین گروپ کو اہم وزارتوں کی پیشکش

وزیر دفاع پرویز خٹک اور وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے عون چوہدری سے فون پر رابطہ کیا، حکومتی ٹیم نے ترین گروپ سے حکومتی فیصلوں کو سپورٹ کرنے کی درخواست کی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتی ٹیم نے جہانگیر ترین گروپ سے رابطہ کرتے ہوئے انہیں اہم وزارتوں کی پیشکش کر دی۔ وزیر دفاع پرویز خٹک اور وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے عون چوہدری سے فون پر رابطہ کیا، حکومتی ٹیم نے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### قدیم گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں تھری فیز میٹر، ٹرانسفارمر اور واٹر ٹینک فوری مہیا کیا جائے

علاقہ معززین کا چیف سیکریٹری جنوبی پنجاب، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے مطالبہ

نور پور نورنگا (پ ر) نور پور نورنگا کے قدیم گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں تھری فیز میٹر، ٹرانسفارمر اور واٹر ٹینک فوری مہیا کیا جائے۔ سکول میں زیر تعلیم سینکڑوں بچوں کے والدین اور نور پور کے علاقہ معززین نے چیف سیکریٹری جنوبی پنجاب، سیکریٹری ایجوکیشن جنوبی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## تاریخی میلہ اوچ شریف میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے

میلہ کے دوران نہ تو کوئی واردات ہوئی اور نہ لڑائی جھگڑوں کے کسی قسم کے ناخوشگوار واقعات ہوئے

ایم پی اے، سجادہ نشین اوچ شریف مخدوم سید افتخار حسن گیلانی کی شمس محل پر میڈیا سے گفتگو



اوچ شریف (خبر نگار) سینکڑوں سالہ تاریخی میلہ اوچ شریف میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے، میلہ کے دوران نہ تو کوئی واردات ہوئی اور نہ لڑائی جھگڑوں کے کسی قسم کے ناخوشگوار واقعات ہوئے، ان خیالات کا اظہار

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی چوہدری عاصم نذیر عہدے سے مستعفی

مسلم لیگ (ن) میں شمولیت، عدم اعتماد کی تحریک میں اپوزیشن کا ساتھ دینے کا اعلان

فیصل آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی چوہدری عاصم نذیر ن لیگ میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے پیغام میں رکن قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### عوام گرمیوں میں بھی گیس کی قلت کے لیے تیار ہو جائیں

عالمی کمپنی گنور نے ایک بار پھر پاکستان کو ایل این جی فراہمی سے معذرت کر لی

اسلام آباد (یو این پی) عوام گرمیوں میں بھی گیس کی قلت کے لیے تیار ہو جائیں، عالمی کمپنی گنور نے ایک بار پھر پاکستان کو ایل این جی فراہمی سے معذرت کر لی، گرمیوں میں بھی گیس کی قلت کا امکان۔ تفصیلات کے مطابق عالمی کمپنی گنور (Guvnor) نے ایک بار پھر پاکستان کو ایل این جی فراہمی سے معذرت کر لی ہے جس کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ملک میں پہلا روزہ اتوار 3 اپریل کو ہوگا، خالد اعجاز مفتی

اسلام آباد (یو این پی) رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی نے کہا ہے کہ ملک میں پہلا روزہ اتوار 3 اپریل اور

بقیہ نمبر 34 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### سیاسی گہما گہمی ختم، اسلام آباد میں نظام زندگی بحال، میٹرو چل گئی

اسلام آباد (یو این پی) جمعیت علما اسلام کے بڑا اور مسلم لیگ ن کے مہنگائی لانگ مارچ اور جلسہ ختم ہونے کے بعد جڑواں شہروں راولپنڈی اسلام آباد کے مابین چلنے والی میٹرو بس سروس

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### وزیر خارجہ افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے تیسرے اجلاس میں شرکت کیلئے چین روانہ

شاہ محمود قریشی یہ دورہ چین کے اسٹیٹ کونسلر اور وزیر خارجہ کی خصوصی دعوت پر کر رہے ہیں

اسلام آباد (یو این پی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے تیسرے اجلاس میں شرکت کیلئے چین روانہ ہو گئے ، وہ یہ دورہ چین کے اسٹیٹ کونسلر اور وزیر خارجہ وانگ یی کی خصوصی دعوت پر کر رہے ہیں۔ وزیر خارجہ اپنے تین روزہ دورے میں افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے تیسرے اجلاس اور ٹرائیکا پلس اجلاس میں شریک ہوں گے۔ وزیر خارجہ افغانستان سمیت خطے میں قیام امن کیلئے مشترکہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## آئی یو بی کا نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت میں کردار

رپورٹ: عاشر انور۔ پریس سیکرٹری ڈیپیٹنگ۔ سوسائٹی' عکاسی۔ اسامہ شہزاد۔ پریذیڈنٹ۔ آئی یو بی میڈیا سوسائٹی

قوم و ملک کی تعمیر و ترقی میں نوجوان نسل کا بہت اہم کردار ہوا کرتا ہے۔ الحمدللہ۔ اس وقت پاکستان میں نوجوان طبقہ کم و بیش 65 فی صد سے بھی زیادہ ہے ایسے میں اس بڑے نمایاں اور توانا حصہ کی تربیت کا پیمانہ بھی بہت معیاری ،فوری اور جدید ترین سائنسی ،اخلاقی اصولوں کو مدِ نظر رکھ کے بنانا ہوگا ہم اسلامیہ یونی ورسٹی میں یوتھ کی تمام تر بنیادی تربیتی ضرورتوں کے ضمن میں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاولپور چوہدری امیر محمد خان کا سنٹرل جیل کا ماہانہ دورہ کیا

معزز جج صاحبان کی آمد پر سنٹرل جیل بہاولپور کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاولپور چوہدری امیر محمد خان نے معزز عدالت لاہور ہائی کورٹ لاہور کے احکامات کی روشنی میں سینئر سول جج بہاول پور ندیم یوسف کے ہمراہ سنٹرل جیل بہاول پور کا ماہانہ دورہ کیا۔ معزز جج صاحبان کی آمد پر سنٹرل جیل بہاولپور کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ معزز جج نے جیل

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### کمشنر بہاولپور اور جسٹس (ر) ملک فرخ محمود نے تصاویری نمائش کا افتتاح کیا

ہم نصابی سرگرمیاں طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارتی ہیں' کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال اور جسٹس (ر) ملک فرخ محمود نے قائداعظم میڈیکل کالج میں طلباء و طالبات کی تصاویری نمائش کا افتتاح کیا۔ نمائش میں آویزاں تصاویر میڈیکل کالج میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کی کیمرے سے فوٹو گرافی کی شاندار صلاحیتوں کا اظہار تھیں۔ کمشنر بہاول پور نے اس موقع پر اپنے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### آئی یو بی: دوسرے سالانہ ادبی و ثقافتی میلے BLCF-2022 کا آغاز گزشتہ روز ہو گیا

ادب اور ثقافت کا تعلیم سے گہرا رشتہ ہے' تابش الوری

بہاولپور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں دوسرے سالانہ ادبی و ثقافتی میلے BLCF-2022 کا آغاز گزشتہ روز ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کی زیر صدارت اجلاس میں سید تابش الوری چیئرمین بہاولپور لٹریری اینڈ کلچرل فیسٹیول، سجاد حسین، ڈائریکٹر بہاولپور آرٹ کونسل، ڈین فیکلٹی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### کورونا وائرس کی شرح میں کمی، ایک شخص جاں بحق

این سی او سی نے چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 269 افراد میں موذی وباء کی تصدیق کر دی

اسلام آباد (یو این پی) کورونا وائرس سے اموات اور پھیلاؤ میں واضح کمی آ گئی، ایک شخص جاں بحق جبکہ 269 افراد میں وائرس کی تصدیق کر دی گئی ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں کورونا کی شرح میں مسلسل کمی کا سلسلہ جاری ہے، ایک روز میں 269 سے زائد کیسز جبکہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## گالف سٹی سوسائٹی کا افتتاح کر دیا گیا

افتتاحی تقریب کے موقع پر نگران کابینہ جماعت اسلامی قاری مظفر حسین عطاری نے نعت رسول مقبول کی سعادت حاصل کی

سوسائٹی کو بنانے سے پہلے میں نے پورے شہر کی تمام سوسائٹیز کا وزٹ کیا اور تمام تر سہولیات چیک کیں' محمد طارق ناظر

احمد پور شرقیہ (پ ر) اسلامک ماڈل سکول نزد پرانا ڈاکخانہ پہ واقع گالف سٹی سوسائٹی کا بڑا والہانہ انداز سے افتتاح کر دیا گیا ہے مزید تفصیلات کے مطابق گالف سٹی سوسائٹی نزد اسلامک ماڈل سکول پرانا ڈاکخانہ کا افتتاح کر دیا گیا ہے افتتاحی تقریب کے موقع پر نگران کابینہ جماعت اسلامی قاری مظفر حسین عطاری نے نعت رسول مقبول کی سعادت حاصل کی جبکہ رکن مجلس

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### کراچی، گرمی کی شدت میں آج سے اضافے کا امکان

کراچی (یو این پی) کراچی میں آج (بدھ سے) کراچی میں گرمی کی شدت میں اضافے کا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### مستعفی ہونے کی خبروں پر وزیر تعلیم پنجاب مراد راس کا موقف آ گیا

میں نے استعفیٰ نہیں دیا ایسی خبریں جعلی ہیں۔ پی ٹی آئی رہنماء کا ٹوئٹر پیغام

لاہور (یو این پی) وزیر تعلیم پنجاب کے عہدے سے مستعفی ہونے کی خبروں پر پی ٹی آئی رہنماء مراد راس کا موقف آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبہ پنجاب کے وزیر تعلیم مراد راس نے اپنے استعفیٰ دینے سے متعلق زیر گردش خبروں کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## آر سی راجہ محمد قاسم محبوب جنجوعہ کا احساس کفالت سینٹر کا اچانک دورہ

ایک بزرگ خاتون کی 300 روپے کی کٹوتی کی شکایت پر فرنچائزی کا ایجنٹ موقع سے گرفتار کر کے تھانہ سٹی میں بند کر دیا گیا

احمد پور شرقیہ: اسسٹنٹ کمشنر راجہ محمد قاسم محبوب جنجوعہ احساس کفالت سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ راجہ محمد قاسم محبوب جنجوعہ نے احساس کفالت سنٹر گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کا اچانک دورہ کیا۔ سنٹر پر سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### پیر سید سجاد حسین بخاری کی چچی علی زین بخاری کی دادی کی قل خوانی ادا

قل خوانی لڈن کے نواحی موضع حسن شاہ زرعی فارم پر ہوئی

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) سابق صوبائی وزیر پنجاب پیر سید سجاد حسین بخاری کی چچی علی زین بخاری کی دادی کی قل خوانی ادا کر دی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری

37 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری، 37 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او عبادت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### (ن) لیگ کا پنجاب میں وزارت اعلیٰ کیلئے ترین گروپ سے رابطہ

لاہور (یو این پی) صوبہ پنجاب کے نئے وزیراعلیٰ کے لئے پاکستان مسلم لیگ ن کی جانب سے ترین گروپ سے رابطہ ہوا ہے۔ اس دوران مسلم لیگ ن نے عون چوہدری سے نئے وزیراعلیٰ کے لئے حمزہ شہباز کے حق میں ووٹ دینے کی درخواست کی ہے۔ اس درخواست پر عون چوہدری نے ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## عثمان بزدار کیخلاف تحریک عدم اعتماد پرویز الٰہی کے کہنے پر جمع کرائی تھی، رانا ثنا اللہ

مسلم لیگ ق کے تین ووٹ ہمارے ساتھ ہیں اور عثمان بزدار کیخلاف تحریک عدم اعتماد پرویز الٰہی کے کہنے پر جمع کرائی تھی

یہ خبر غلط ہے کہ منحرف ارکان کو نوٹوں کی بوریاں دی گئی ہیں، ہم نے منحرف اراکین کے بغیر نمبرز پورے کیے ہیں' رہنما مسلم لیگ ن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رہنما مسلم لیگ ن رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ق کے تین ووٹ ہمارے ساتھ ہیں اور عثمان بزدار کیخلاف تحریک عدم اعتماد پرویز الٰہی کے کہنے پر جمع کرائی تھی۔ رانا ثنا اللہ نے اسلام آباد میں میڈیا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### چین یکم اپریل 2022 سے منجمد اب بارڈر کھول رہا ہے، عبدالرزاق داؤد

اسلام آباد (یو این پی) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ چین یکم اپریل 2022 سے منجمد اب بارڈر کھول رہا ہے، برآمد کنندگان فائدہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

---

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

# دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

## عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

# احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

---

# القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

| مفت تعلیم | مفت کتابیں | اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ |
|---|---|---|

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

---

## حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

---

# پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

| F.SC | F.A | I.C.S | I.COM |
|---|---|---|---|

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

# نیو نشاط

ایک دام

# کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

# نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

# نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

# نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

کراچی: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی 8ویں پاکستان سی آئی او سمٹ 2022 سے خطاب کر رہے ہیں۔

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا ڈل بازار میں قائم کئے گئے رمضان بازار کے اچانک دورہ کے موقع پر مختلف سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر محمد طیب اور ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجینئر لیکچرر مارکیٹنگ منزہ جاوید بھی ہمراہ ہیں۔

**نئے نمبر 01**

۔الٰہی وزیراعلیٰ پنجاب نہیں بن سکتے، نمبرز ہمارے پاس ہیں، ان کے پاس نہیں، جسے اپوزیشن نامزد کرے گی وہی پنجاب کا وزیراعلیٰ بنے گا، پنجاب میں بھی تبدیلی لائیں گے۔سابق صدر آصف زرداری نے کہا کہ ق لیگ والے رات بارہ بجے مبارکباد دینے آتے ہیں ، صبح کہیں اور چلے جاتے ہیں۔آصف زرداری نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ایم کیو ایم سے متعلق اچھی خبر ملے گی۔خیال رہے کہ تحریک عدم اعتماد کے معاملے پر اتحادی جماعتوں کو اپنے ساتھ رکھنے کی غرض سے وزیراعظم عمران خان نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے استعفیٰ لے کر ق لیگ کے رہنما چوہدری پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب نامزد کر دیا ہے۔ق لیگ کے اس فیصلے پر اپوزیشن نے حیرانی کا اظہار کیا ہے کیوں کہ ان کے مطابق ق لیگ نے انہیں بھی حمایت کی یقین دہانی کرائی تھی اور اچانک وزارت اعلیٰ قبول کر لی۔اس معاملے پر آصف زرداری جلد ق لیگ کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے۔وزیراعظم عمران خان کیخلاف تحریک عدم اعتماد قومی اسمبلی میں پیش کی جا چکی ہے اور وزیر داخلہ شیخ رشید کے مطابق اس پر ووٹنگ 3 اپریل کو ہوگی۔

**نئے نمبر 02**

حصول کے لیے مختلف سطحوں پر وسیع تر ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹی بی کا جلد پتہ لگانے سے بیماری کے علاج میں بہت مدد ملتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان بھر میں ٹی بی کی تشخیص کیلئے جدید طریقے موجود ہیں اور اس کی تشخیص پر فوری علاج بیماری کو روک سکتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ٹی بی کے حوالے سے صوبائی سطح پر ٹی بی پروگرام میں مزید کام کرنیکی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان کا کہنا تھا کہ ٹی بی کیمریض کو اپنےاطراف موجود افراد کو مرض سے بچانا چاہیے جیسا کہ گزشتہ 2 سالوں سے کورونا کے پھیلاؤ کے ڈر سے ایک دوسرے کی حفاظت کا خیال رکھا جاتا تھا۔

**نئے نمبر 03**

کے ویٹو کا رخ نہیں موڑ سکے۔جینوز کے پروگرام کمپیٹل ٹاک میں گفتگو کرتے ہوئے پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ شہباز شریف 35 سال بعد ہمارے گھر تشریف لائے، وہاں جو گفتگو ہوئی اس کے بعد ہم ان کی دعوت پر کیوں نہیں گئے؟ ہم ان کے ساتھ بڑے ہی محتاط طریقے سے چلتے ہیں، انھوں نے نیا آغاز کیا تھا تو سوچا کہ اور بڑا وفد بنا کر بھیجتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جن کو آن بورڈ ہونا چاہیے تھا وہ شہباز شریف سے آن بورڈ نہیں تھے، اب وہ لوگ میٹر کرتے ہیں مثال کے طور پر مریم بی بی کو پسند نہیں تھا، وہ گروپ محسوس کرتا تھا کہ ہم سات دس سیٹوں والوں کو کیوں سارا کچھ ہی دے دیں؟ ق لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ ان کے ساتھ ہماری ایک پوری تاریخ ہے 3 دفعہ ہمارے ساتھ پہلے یہ ہوا تھا، ہم ان کے ساتھ بڑے ہی محتاط طریقے سے چلتے ہیں، زرداری نے کہا تھا کہ وزیراعلیٰ نہیں بناتے تو وہ پیچھے ہٹ جاتے ہیں، ن لیگ والے ہمیں بھی مطمئن کر رہے تھے اور آصف زرداری کو بھی، انھوں نے نیا آغاز کیا تھا تو سوچا کہ اور بڑا وفد بنا کر بھیجتے ہیں، اور وہ جا کر ان کو کہیں کہ میاں صاحب کا بھی او کے آ گیا اور سارے معاملات ٹھیک کر لیے۔ان کا کہنا تھا کہ ان کی بدقسمتی اور ہماری خوش قسمتی کہ ہمیں چیزوں کو علم ہو جاتا ہے، ہمیں اطلاع ملی تھی کہ ہمارا ٹائم پیریڈ وہ تین سے 4 مہینے کا ہے، اس سے زیادہ نہیں ہے اور یہ طے ہے۔پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ جو شریف فیملی کے لوگ میٹر کرتے ہیں، شہباز شریف کا اپنا ایک اسٹیٹس ہے لیکن وہ اپنے بھائی کے ویٹو کا رخ نہیں موڑ سکے، ان کے بیٹے سلیمان کی جانب سے خصوصی میسج آیا تھا۔انہوں نے مزید بتایا کہ تحریک انصاف کے ساتھ اسی دوران سنجدہ آفر چل رہی تھی، وزیراعظم عمران نے خود فون کیا کہ انتظار کر رہا ہوں آ جائیں، پھر ہم بنی گالہ گئے، آج پھر عمران خان سے ملاقات کی جس میں انہوں نے کہا کہ میں حیران ہوں آپ کا ہماری جماعت میں اچھا رسپانس آیا۔ایم کیو ایم سے متعلق معاملات پر اسپیکر پنجاب اسمبلی نے بتایا کہ میں نے وزیراعظم کو کہا کہ ایم کیو ایم کو گورنر شپ اور وزارت بحری امور دیں، انہوں نے کہا کہ ہم کر رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ پرویز خٹک سے رابطہ ہوا انھوں نے کہا کہ ادھر ہی بیٹھا ہوا ہوں، ایم کیو ایم آن بورڈ ہے۔جہانگیر ترین گروپ سے متعلق پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ جہانگیر ترین سے کل فون پر میری بات ہوئی معاملات طے پا گئے ہیں، مونس الٰہی لندن گئے تو جہانگیر ترین کے بیٹے نے بات کرائی، ملاقات نہیں ہوئی، جہانگیر ترین لیز تھراپی کر رہے تھے اس لیے ملاقات نہیں ہو سکی لیکن ان کے بندے آ گئے تھے۔ان کا کہنا تھا کہ جہانگیر ترین گروپ کل ملاقات کیلئے آ رہا ہے آج بھی آئے ہوئے تھے۔ایک سوال کے جواب میں ق لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ طارق بشیر چیمہ پہلے مشاورت میں شامل تھے بعد میں ان کو یہ چیز پسند نہیں آئی، انہوں نے کہا کہ میں نے پی ٹی آئی کو ووٹ نہیں دینا، آپ کی وجہ سے ساڑھے تین سال گزارا کیا ہے اور وہ اپنی بات پر قائم ہیں۔خیال رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم عمران خان نے اسپیکر پنجاب اسمبلی پرویز الٰہی کو پنجاب کی وزارت اعلیٰ کی پیشکش کی جو انہوں نے قبول کر لی۔ اس حوالے سے آج سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ ق لیگ والے رات بارہ بجے مبارکباد دینے آتے ہیں ،صبح کہیں اور چلے جاتے ہیں۔

**نئے نمبر 04**

اسمبلی جام عبدالکریم نے آخر لمحات پر دبئی سے وطن واپسی کا فیصلہ موخر کر دیا۔جام عبدالکریم کو دبئی سے اسلام آباد پہنچنا تھا۔انہوں نے پاکستان روانگی سے کچھ دیر قبل واپسی موخر کر دی۔قبل ازیں ناظم جوکھیو قتل کیس میں پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی جام عبدالکریم سمیت تمام ملزمان کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی منظوری دے دی گئی تھی۔ناظم جوکھیو قتل کیس میں نامزد ملزمان کے ناموں کو ای سی ایل میں ڈالنے کی منظوری وفاقی کابینہ سے سرکولیشن سمری کے ذریعے لی گئی۔ذرائع کے مطابق کیس میں نامزد ایم این اے جام عبدالکریم، رکن سندھ اسمبلی جام اویس، نیاز سالار، حیدر علی اور میر علی کے نام ای سی ایل میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی، اس کے علاوہ محمد معراج، جام احمد جمال، عطا محمد اور زاہد کے نام بھی ای سی ایل میں شامل کیے جائیں گے۔وزارت داخلہ نے ناظم جوکھیو کیس میں نامزد ملزمان کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی سمری منظوری کیلئے وفاقی کابینہ کو بھجوائی تھی۔واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا تھا کہ وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں ووٹ ڈالنے کیلئے جام عبدالکریم کو دبئی سے پاکستان بلایا جا رہا ہے، وہ ناظم جوکھیو قتل کیس میں نامزد ہیں، ہم ان کی پاکستان آمد پر انہیں گرفتار کریں گے۔

**نئے نمبر 05**

خدمت ہی میرا مشن ہے اور رہے گا۔مثنیٰ سیاست کا جواب ہمیشہ عوامی خدمت سے دیا ۔انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کو پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا ڈویلپمنٹ بجٹ دینے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔وزیراعظم عمران خان کے ہر حکم پر لبیک کہا ہے اور کہتا رہوں گا۔وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے ملاقات کرنے والوں میں حافظ ممتاز احمد، اعجاز عالم، حسین جہانیاں گردیزی، سردار احمد دریشک، عمر فاروق، لیاقت علی، اختر حیات، سلیم سرور، احمد شاہ کھگہ ،طلعت نقوی، گلریز افضل، اعجاز بندیشہ، نکٹ ہولڈر احمد چٹھہ اور دیگر شامل تھے۔

**نئے نمبر 06**

کی خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا، آپریشن کے دوران ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشت گرد مارے گئے جبکہ ایک کو پکڑ لیا گیا۔مارے جانے والے دہشت گردوں کی شناخت ساجد، علیم، آفتاب اور فضل الرحمان کے نام سے ہوئی، دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں ہتھیار اور ایمونیشن بھی برآمد کیا گیا ہے۔ہلاک دہشت گرد انغوا اور شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی کاروائیوں میں ملوث تھے، یہ دہشت گرد الیف سی کے ایک سپاہی کی بائیس جنوری کو شہادت میں بھی ملوث تھے، مقامی لوگوں نے آپریشن کو سراہتے ہوئے علاقے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

**نئے نمبر 07**

گرفتاری سے روکتے ہوئے تیرہ اپریل تک متعلقہ عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا۔وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد پیپلز پارٹی ایم این اے قادر پٹیل نے گرفتاری سے بچنے کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرتے ہوئے حفاظتی ضمانت منظور کرنے کی استدعا کی۔وارنٹ گرفتاری انسداد دہشتگردی عدالت کراچی نے جاری کیے۔وکیل قادر پٹیل نے عدالت کو بتایا کہ 26 مارچ کو کیس میں پیش ہونا تھا۔قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت کے باعث عدالت پیش نہیں ہو سکا۔قادر پٹیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدم پیشی کے باعث وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے۔ خدشہ ہے گرفتار کر لیا جائے گا۔ حفاظتی ضمانت منظور کی جائے۔) شاہد حسین (اس سے قبل پیپلز پارٹی کے ایم این اے قادر پٹیل نے گرفتاری سے بچنے کے لیے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا جس پر عدالت نے حفاظتی ضمانت منظور کرنے سے انکار کر دیا۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ قادر پٹیل ملک میں موجود ہیں، اگر گرفتاری کا خطرہ ہے تو اسلام آباد ہائی کورٹ سے ضمانت حاصل کر سکتے ہیں۔مامون شیروانی ایڈووکیٹ نے موقف پیش کیا کہ اے ٹی سی نے اہم قانونی نکات کو نظر انداز کیا۔قادر پٹیل اے ٹی سی میں پیش ہونا چاہتے ہیں گرفتار کرنے سے روکا جائے۔عدالت نے درخواست قابل سماعت ہونے پر قادر پٹیل کے وکیل سے دلائل طلب کر لیے۔وکیل قادر پٹیل نے کہا کہ قومی اسمبلی میں اجلاس اور سیاسی مصروف کے باعث قادر پٹیل اے ٹی سی میں پیش نہیں ہو سکے تھے۔انسداد دہشت گردی عدالت نے دہشت گردوں کے علاج کے مقدمے میں عدم پیشی پر قادر پٹیل کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔اے ٹی سی نے وارنٹ گرفتاری واپس لینے کی استدعا بھی مسترد کر دی تھی۔انسداد دہشت گردی کی عدالت نے کیس میں ریمارکس دیے تھے کہ اسمبلی اجلاس نہیں ہو رہا تو قادر پٹیل پیش کیوں نہیں ہوئے؟۔

**نئے نمبر 08**

ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم چور نے زرعی ادویات کے ڈیلر ساجد لنگاہ کے زرعی ادویات کے ڈیلر ساجد لنگاہ کے زرعی ادویات کے اسٹور کے تالے کاٹ کر اندر سے دو لاکھ مالیت کی زرعی ادویات چوری کر کے فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ سٹی نے درخواست ملنے پر کاروائی شروع کر دی ہے۔

**نئے نمبر 09**

ایک خوبصورت محفل حسن قرت بسلسلہ دستار بندی حفاظ کرام منعقد کی گی جس کے میزبان مولانا محمد عاشق فرید مہروی تھے اس خوبصورت محفل میں 5 طلبا کرام نے دور حدیث، 18 طلبا کرام نے حفظ قرآن اور 23 طلبا کرام نے ناظرہ قرآن پاک مکمل کیا جن کی آستانہ عالیہ مھر آباد شریف پیر سید فرید الدین شاہ بخاری کے دست مبارک سے دستار بندی کی گی عظیم الشان محفل میں افریقہ سے تشریف لانیوالے قاری الشیخ رجا ایوب اور جمہوریہ مصر سے تشریف لانیوالے قاری الشیخ مختار عبد العزیز اور الشیخ وجیح دیوان سمیت پاکستان کے علما کرام نے بھی شرکت کی افریقہ اور مصر سے تشریف لانیوالے قرحضرات نے محفل کے اندر قرآن پاک کی تلاوت سے ایسا سماں باندھا کہ شرکا محفل جھوم اٹھے آخر میں آستانہ عالیہ مھر آباد شریف پیر سید فرید الدین شاہ بخاری نے ملک و قوم کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کروائی محفل میں شہر کی سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر مولانا محمد عاشق فرید مہروی کا کہنا تھا کہ ان طلبا کرام اور اساتذہ کی دن رات محنت و لگن کی وجہ سے طلبا نے اس سال دورہ حدیث، حفظ قران اور ناظرہ قرآن کا کورس مکمل کیا اس نیک عمل میں ان مدارس کے ساتھ تعاون کرنیوالے افراد بھی اہم حصہ ہے جن کی محبتوں سے مدارس کے طلبا اور اساتذہ کی ضروریات کو پورا کر کے طلبا کو بہترین سہولیات میسر کی جاتی ہیں آج یہ طلبا دنیا کے دیگر شہروں میں جا کر دینی تعلیم دیکر انہیں قرآن اور احادیث کی تعلیم سے نواز سکتے ہیں

**نئے نمبر 10**

ہیں، کچھ قانونی بندشیں ہوتی ہیں اس لیے یہ مراسلہ صرف اعلیٰ فوج قیادت کو دکھایا گیا اور وفاقی کابینہ کے بھی چند اہم وزرا کو بھی اس کا پتا ہے، مراسلے میں براہ راست پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ذکر ہے، تحریک عدم اعتماد اور بیرونی ہاتھ آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔اسد عمر کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم کی سینئر قیادت بھی غافل نہیں ہے کہ وہ کہتے رہے ہیں کہ سارے معاملات طے پا گئے ہیں کیوں کہ انہیں معلوم ہے کہ مراسلے میں کیا لکھا ہے، وزیراعظم عوام سے منتخب ہوئے اور عوام کو جواب دہ ہیں اس لیے وہ چاہتے ہیں کہ مراسلے سے متعلق عوام کو ایک حد تک بتایا جائے کیوں کہ بہرحال مراسلہ ایک قومی راز ہے اور اس خط کا تعلق براہ راست ہماری خارجہ پالیسی سے ہے۔اسد عمر نے کہا کہ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ عمران خان وزیراعظم نہ رہیں تو بہتر ہے، ارکان قومی اسمبلی چاہے ناراض ہوں یا نہ ہوں، کسی کو یہ نہیں معلوم اس تحریک کے پیچھے کون سے عناصر ملوث ہیں، وہ خود بھی نہیں چاہیں گے کہ جانتے بوجھتے ہوئے وہ کسی ایسے عمل کا حصہ بنیں جو ملک وقوم کے منافی ہو، اب تک وہ لاعلم تھے تاہم اب صورتحال ان کے سامنے آ چکی ہے کہ یہ کھیل کس طرح تیار کیا گیا تو کیا اب بھی وہ اس کا حصہ بننا چاہیں گے؟ انہوں نے کہا کہ اس خط کے مرکزی کردار نواز شریف ہیں کیوں کہ وہ باہر بیٹھے ہیں اور کون کون سی غیر ملکی ایجنسیوں کیساتھ ان کی ملاقاتیں ہوئی ہیں وہ جانتے ہیں۔فواد حسین چوہدری نے کہا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ نواز شریف کو باہر جانے نہ دیں ایسے لوگ باہر جا کر عالمی اسٹیبلشمنٹ کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں، خط کے ذریعے آگاہ کیا گیا ہے کہ آپ کی سیاست آپ کو کس جگہ لے جائے گی۔

**نئے نمبر 11**

والدہ محترمہ علالت کے باعث بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاول پور میں داخل ہیں۔ ملک عابد حسین نے عزیز و اقارب و دوست احباب سے صحت یابی کی دعا کی درخواست کی ہے کہ اللہ پاک میری والدہ کو جلد صحت یابی عطا فرمائے۔

**نئے نمبر 12**

پوسٹ گریجویٹ بوائز ڈگری کالج کے لیکچرارز وطلبہ نے بہاول پور روڈ پر کالج کے سامنے لیکچرارز کی تنخواہوں میں کٹوتی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرے کی وجہ سے حاصل پور بھاول پور شاہراہ ٹریفک کے لیے جام ہوگ گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گی حاصل پور بوائز ڈگری کالج کے پروفیسر تسلیم عالم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہماری تنخواہ میں 25 سے 30 ہزار کی کٹوتی کی جارہی ہے ہمارا حق کیوں نہی دیا جا رہا استاد ایک مقدس پیشہ ہے استاد ایک پھول کی مانند ہے لیکن یہاں تو اساتذہ کو حق دینے کی بجائے ان سے چھینا جا رہا ہے ہماری حکومت وقت سے اپیل ہے کہ ہمارے مطالبات پورے کیے جائے ورنہ ہم ایسے ہی احتجاج کرتے رہے گئے ہم اپنا حق ہر طرح سے لیں کر رہے گئے۔

**نئے نمبر 13**

پنجاب، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر بہاول پور سے مطالبہ کیا ہے کہ سکول میں نصب میٹر سنگل فیز ہے جو لوڈ پڑنے پر اکثر خراب ہو جاتا ہے جس سے بجلی کی فراہمی تعطل کا شکار ہو جاتی ہے۔۔ بجلی کی عدم فراہمی سے تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں اور طلبا کو بھی شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔۔ والدین اور طلبا نے مطالبہ کیا سکول میں پانی ذخیرہ کرنے کے لیے ٹینک نہیں جس سے پینے کے لیے پانی بھی نہیں ہوتا۔۔ اہلیان علاقہ نے مطالبہ کیا کہ سکول کے لیے فوری طور پر تھری فیز میٹر اور الگ ٹرانسفارمر اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے ایک بڑا ٹینک بنوایا جائے۔ احساس راشن کفالت پروگرام کے سلسلے میں بھی سیکڑوں خواتین یہاں آتی ہیں اور بجلی کی عدم فراہمی اور پانی کا ٹینک نہ ہونے سے انہیں بھی شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اہلیان علاقہ نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور سکول کے لیے ہنگامی بنیادوں پر فنڈز کے اجرا کی اپیل کی ہے

**نئے نمبر 14**

ترین گروپ سے حکومتی فیصلوں کو سپورٹ کرنے کی درخواست کی۔گفتگو میں پرویز خٹک نے کہا کہ آپ کے مطالبات تسلیم ہو چکے، اب پارٹی اقدامات کی حمایت کریں اور اہم وزارتیں بھی دی جائیں گی۔انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ دیگر تحفظات کو بھی فوری طور پر دور کیا جائے گا۔دوسری جانب، چوہدری پرویز الٰہی اور مونس الٰہی سے بھی عون چوہدری کا 24 گھنٹے میں دوسرا رابطہ ہوا۔ ٹیلی فونک رابطے میں بات چیت ہوئی کہ وزیراعلیٰ کے منصب کے لیے ترین گروپ چوہدری پرویز الٰہی کی حمایت کرے۔عوان چوہدری نے کہا کہ ترین گروپ جلد حتمی مشاورت میں اپنا لائحہ عمل کا اعلان کرے گا۔

**نئے نمبر 15**

موقع پر ایک بزرگ خاتون کی 300 روپے کی کٹوتی کی شکایت پر فرنچائزی کا ایجنٹ موقع سے گرفتار کر کے تھانہ سٹی میں بند کر دیا گیا۔ بعد ازاں فرنچائزی اور اس کے ایجنٹ کے خلاف اسسٹنٹ ڈائریکٹر احساس کفالت احمد پور شرقیہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

**نئے نمبر 16**

گئی فل خوانی لڈن کے نواحی موضع حسن شاہ زرعی فارم پر پر ہوئی جسمیں سابق ایم این اے آفتاب خان کھچی، زاہد اقبال چوہدری، افضل خان کھچی، چوہدری ایوب بندیشہ، افضل خان کھچی، طاہر حیدر کھچی، ملک امجد علی لنگڑیال، پیر سخی حسین شاہ، مختار دولتانہ، صدر پریس کلب لڈن محمد عارف کھوکھر، سرفراز جھیڈو، مختار احمد ہاشمی، کاظم رضا ہاشمی، سجاد خان غازیخانہ، صدر پریس کلب حاصل پور فیاض کھوکھر، ذوالفقار علی قائم خانی، سابق ناظم آغاز حسین شاہ، سابق چیئر مین راطارق، صدر انجمن تاجران محمد افضل رنگا اور فیاض غازیخانہ سمیت معزز ین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی

**نئے نمبر 17**

ایم پی اے، سجادہ نشین اوچ شریف مخدوم سید افتخار حسن گیلانی نے شمس محل پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ بزرگان دین کی سرزمین اوچ شریف پر سینکڑوں سالہ تاریخی میلہ ہر سال منعقد ہوتا ہے، ملک بھر سے لاکھوں کی تعداد میں زائرین عقیدت مند مرد، خواتین، بچے اوچ شریف آتے ہیں اور مزارات پر حاضری دینے کے ساتھ ساتھ تفریحی پروگراموں سے بھی محظوظ ہوتے ہیں، ضلعی انتظامیہ، ضلعی پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے لئے بھاری نفری تعینات کی جاتی ہے جو میلہ کے شرکاء کو سیکیورٹی فراہم کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ وہ ڈی پی او بہاول پور عبادت نثار، ایس ڈی پی او احمد پور شرقیہ چوہدری اصف رشید، ایس ایچ او تھانہ اوچ شریف عمران قمر پڈانہ، چوہدری اصغر گھمن اے ایس آئی و دیگر پولیس ٹیم، اسپیشل برانچ، سیکیورٹی برانچ اہلکاروں سمیت دیگر تمام سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ اس سال کسی قسم کی نہ تو کوئی سرقہ بالجبر یا سرقہ کی کوئی واردات ہوئی ہے اور نہ ہوئی کوئی لڑائی جھگڑوں کے ناخوشگوار واقعات رونما ہوئے ہیں، یقیناً لاکھوں افراد کے کراوڈ میں امن وامان قائم رکھنا پولیس کی شب و روز کی محنت اور الرٹ ہو کر فرائض سر انجام دینے سے ہی یہ ممکن ہوا۔

**نئے نمبر 18**

چوہدری عاصم نذیر اس حوالے سے تصدیق بھی کی ہے۔اپنے پیغام میں عاصم نذید کا کہنا تھا کہ وہ پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے عہدے سے استعفیٰ دیتے ہیں اور پاکستان مسلم لیگ ن میں باضابطہ طور پر شمولیت کا اعلان کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ سیٹ کسی کے باپ کی وجہ سے نہیں اپنی کارکردگی اور حلقہ کے عوام کی محبت سے مسلسل چار بار جیت چکا ہوں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے ہم نے فیصل آباد کو سجایا اور سجاتے جائیں گے۔خیال رہے کہ چوہدری عاصم نذیر عدم اعتماد کی تحریک میں اپوزیشن کا ساتھ دینگے اور ن لیگ کے حق میں ووٹ دیں گے۔ علاوہ ازیں عاصم نذیر کے ن لیگ میں آنے سے مسلم لیگ ن کے اراکین کی تعداد 85 ہوگئی ہے۔

**نئے نمبر 19**

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا ڈل بازار میں قائم کئے گئے رمضان بازار کے اچانک دورہ کے موقع پر مختلف سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر محمد طیب اور ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجینئر لیکچرر مارکیٹنگ منزہ جاوید بھی ہمراہ ہیں۔

**نئے نمبر 20**

نثار تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 37 شہریوں نے شرکت کی۔کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تا کہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا ئے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

**نئے نمبر 21**

شوری قاری سلیم عطاری نے اپنے ولولہ انگیز انداز سے درس قرآن دیا اس موقع پر چیف ایگزیکٹو گالف سٹی محمد طارق ناظر نے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الحمداللہ سوسائٹی کو تمام تر سہولیات سے آراستہ کرنے کے بعد اسکی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے اس سوسائٹی کو بنانے سے پہلے میں نے پورے شہر کی تمام سوسائیٹز کا وزٹ کیا اور تمام تر سولیات چیک کیں اور میں نے اپنے ذہن میں یہ بات نقش کر لی کہ شہر احمد پور شرقیہ کی عوام کو اس سوسائٹی میں وہ سہولیات مہیا کرنی ہیں جو کسی اور سوسائیز میں نہ ہونے کے برابر ہوں اور اسکے بعد اس سوسائٹی کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنی دن رات کی محنتیں شروع کر دیں کہ آج الحمداللہ اس سوسائٹی میں خوبصورت مسجد، چلڈرن پارک، ایکسر ساز پارک، فلٹریشن پلانٹ، شاپنگ سنٹر اور سیکیورٹی سسٹم جیسی دیدہ زیب سہولیات گالف سوسائٹی میں ترتیب دی گی ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ اس سوسائٹی میں پلاٹ نقد و آسان اقساط پر دونوں طریقوں سے دستیاب ہیں آسان اقساط پر صرف وصرف پلاٹ قیمت کی 25% ادا یگی پر حاصل کریں جس کے نتیجے میں آپ لوگوں کو فوری رجسٹری انتقال و قبضہ دے دیا جاے گا تا کہ آپ اپنی رہاش کر سکیں جبکہ نقد ادا یگی پر 10% ڈسکاونٹ پر حاصل کریں افتتاحی تقریب کے موقع پر تمام تشریف لانیوالے معزز مہمانوں کی اعلیٰ کھانوں سے خاطر تواضع کی گی آخر میں چیف ایگزیکٹو گالف سوسائٹی محمد طارق ناظر نے تمام تشریف لیکر آنیوالے معزز مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اس موقع پر سیاسی و سماجی شخصیات، مذہبی شخصیات، انجمن تاجران، صحافی برادری اور اہل شہر کی کثیر تعداد نے شرکت کی

**نئے نمبر 22**

ویمن وارڈ، جیل ہسپتال، اور پنجن اسیران کا وزٹ کیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے ضلع بہاول پور سے تعلق رکھنے والے معمولی جرائم میں ملوث 09 نفر اسیران کو ذاتی مچلکے پر رہا کرنے کا حکم دیا۔معزز جج صاحبان کے دورہ کے دوران سپرنٹنڈنٹ جیل شہرام تو قیر خان اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو اسد طارق بھی ہمراہ تھے۔

**نئے نمبر 23**

امکان ہے۔کراچی سے جاری ایک بیان میں چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے کہا کہ یکم اپریل تک شہر گرمی کی لپیٹ میں رہے گا، اس دوران پارہ 39 سے 41 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔سردار سرفراز نے کہا کہ شہر میں دن کے اوقات میں سمندری ہوائیں معطل رہیں گی، جبکہ شمال مغرب سے گرم اور خشک ہوائیں چلیں گی۔انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان کے ابتدائی دنوں میں موسم بہتر رہے گا، اپریل کا معمول کا اوسط درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گریڈ ہے، اور 10 اپریل تک درجہ حرارت 35 سے 36 ڈگری سینٹی گریڈ کے رہنے کا امکان ہے۔چیف میٹرولوجسٹ کا یہ بھی کہنا تھا کہ 11 اپریل کے بعد ایک بار پھر گرمی کی شدت میں اضافہ ہو سکتا ہے، افغانستان میں ہائی پریشر ایریا بننے سے کراچی میں ہواؤں کا رخ تبدیل ہوا۔

**نئے نمبر 24**

تردید کر دی، انہوں نے کہا ہے کہ میں نے استعفیٰ نہیں دیا ایسی خبریں جعلی ہیں۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کردہ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مجھے مسلسل پیغامات اور کالز موصول ہو رہی ہیں، جنہوں نے مجھ سے غیر قانونی کاموں کی درخواستیں کی گئیں وہ لوگ مجھ سے اپنا کام نہیں کروا سکے، وہ ضرور میرے جانے کی دعائیں مانگ رہے ہوں گے۔خیال رہے کہ پنجاب کی صوبائی حکومت میں کچھ تبدیلیاں کی جا رہی ہیں کیوں کہ وزیراعظم عمران خان نے مسلم لیگ ق کے رہنماء اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی کو نیا وزیراعلیٰ نامزد کیا ہے، وزیراعظم عمران خان کی جانب سے وزیراعلیٰ نامزد کرنے پر چوہدری پرویز الٰہی نے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے اعتماد پر پورا اتروں گا، ق لیگ بطور اتحادی آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔

**نئے نمبر 25**

خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نصابی سرگرمیاں طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارتی ہیں اور فوٹو گرافی کی اس نمائش کے ذریعے پاکستان کی خوبصورتی کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ایک مثبت امیج کو فروغ دیا گیا ہے جو طلباء وطالبات کی بہترین کاوش ہے۔ پرنسپل قائد اعظم میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر شہزاد انور، ڈاکٹر مغیث امین، ڈپٹی کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا، ایڈیشنل کمشنر اشتمالات طارق محمود، ایڈیشنل کمشنر ریونیو مہر خالد محمود، فیکلٹی ممبرز سمیت طلباء وطالبات کی کثیر تعداد اس موقع پر موجود تھی۔یہ تصاویری نمائش قائد اعظم میڈیکل کالج فوٹو گرافی سوسائٹی اور ہیلپنگ ہینڈز سوسائٹی کے تعاون سے منعقد کی گئی۔

**نئے نمبر 26**

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ لوگ جو پی ٹ